[. As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

further to amend the Elections Act, 2017

WHEREAS, it is expedient further to amend the Elections Act, 2017 (XXXIII), for the purposes hereinafter appearing;

1. **Short title, extent and commencement**.- (1) This Act may be called the Elections (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Section 104 in the Election Act, 2017 (XXXIII of 2017).-** In the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017), in section 104, in sub-section (1), in the proviso, for the full stop at the end a colon shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be added, namely:-

"Provided further that each political party shall ensure the representation of women from each Division of a Province in its priority list.".

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

It is the duty of all political parties to confirm the representation of women from all vicinity of Pakistan. Government of Pakistan is liable to take steps to ensure full participation of women in all spheres of national life as enshrined in Article 34 of the Constitution. For fulfillment of Constitutional obligation, it is necessary to make laws for equal opportunity of women from every region in the National Assembly of Pakistan.

Sd/-
MR. RIAZ FATYANA
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳) میں مزید ترمیم کی جائے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) ایکٹ ہذا انتخابات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں دفعہ ۱۰۴ کی ترمیم:** انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں، دفعہ ۱۰۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، جملہ شرطیہ میں، آخر میں وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئے جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مزید شرط یہ ہے کہ ہر سیاسی جماعت اپنی ترجیحی فہرست میں ایک صوبے کے ہر ڈویژن سے خواتین کی نمائندگی کو یقینی بنائے گی۔"۔

بیان اغراض و وجوہ

تمام سیاسی جماعتوں کا فرض ہے کہ وہ پاکستان کے تمام علاقوں سے خواتین کی نمائندگی کو یقینی بنائیں۔ حکومت پاکستان کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ دستور کے آرٹیکل ۳۴ کے مطابق قومی زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی مکمل نمائندگی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے۔ دستوری ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ پاکستان کی قومی اسمبلی میں ہر علاقے سے خواتین کو مساوی موقع فراہم کرنے کے لئے قوانین وضع کئے جائیں۔

دستخط/۔

(جناب ریاض فتیانہ)

رکن، قومی اسمبلی